# مادہ پرستانہ سائنس کی گواہی
## تعلیماتِ قرآن کی صداقت پر

مرتبہ: زُہَیر کاشمیری - مترجم: عبد الہادی (ادارۂ معارفِ اسلامی)

نوٹ:- اتفاق سے دو تحریریں ایسی سامنے آئی ہیں کہ مغرب کے مادہ پرستانہ سائنسی نقطۂ نظر کے خلاف ماہرین نے قرآن کی تعلیمات کی تصدیق کی۔ ان میں سے نمبر (۱) پیش کی جا رہی ہے (۲) انشاء اللہ اگلی اشاعت میں۔ (ادارہ)

(۱)

یہ دو برس پہلے کی بات ہے۔ ٹورنٹو یونیورسٹی کے ایک ماہرِ جنینیات (EMBRYOLOGIST) ایک غیر معمولی سائنسی مشن پر سعودی عرب گئے۔ ان سے قرآن کی چند آیات کی تشریح میں مدد چاہی گئی تھی۔

یہ ڈاکٹر کیتھ مُور تھے۔ اُدھر اوّلین ٹسٹ ٹیوب بچے کی پیدائش کے محقق ڈاکٹر رابرٹ ایڈورڈز نے بھی ان کی توضیحات کی تصدیق کر دی تھی۔ یوں ان دونوں سائنسدانوں نے مسلم علماء کو آیاتِ قرآنی کے بارے میں اپنی دریافت سے دنگ کر دیا تھا۔ وہی قرآن جسے مسلمان تیرہ سو برس سے حفظ اور تلاوت کرتے چلے آ رہے ہیں۔

جو انہوں نے دریافت کیا، وہ یہ تھا کہ قرآن میں انسانی جنین کا جو نظریہ بیان کیا گیا ہے، وہ اب ایک ناقابلِ تردید سائنسی صداقت بن کر سامنے آیا ہے اور یہ کہ مغربی محققین پر اس حقیقت کا انکشاف ۱۹۴۰ء میں ہوا۔ اِس ضمن میں زیادہ تر معلومات تو محض گذشتہ پندرہ برس میں سامنے آئی ہیں۔

